© rasailojaraid.com



وانا الیہ راجعون ۔مولانا عبدالمجید ندیم نے ۱۹۶۰ء کی دہائی میں وعظ وتبلیغ کے میدان میں قدم رکھا۔ان کا تعلق ڈیرہ غازی خان سے تھا۔جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی تقاریر سے متأثر ہوئے اور مجلس احرار اسلام میں شامل ہوگئے ۔ وہ مجلس احرار اسلام ڈیرہ غازی خان کے جنرل سیکرٹری بھی رہے۔انھی دنوں انھوں نے حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی بعض تقاریر کا انتخاب ’’باتیں ان کی یاد رہیں گی‘‘ کے عنوان سے شائع کیا۔کافی عرصہ بعد ’’نوائے درویش‘‘ کے نام سے دوبارہ شائع کیا۔وہ اپنے دور کے کامیاب خطیب تھے۔اندرون وبیرون ملک میں ان کے مداحین کا ایک بڑا حلقہ تھا۔ایک طویل عرصہ تنظیم اہل سنت میں شامل رہے پھر علیحدہ ہوکر مجلس تحفظِ حقوق اہل سنت کے نام سے تنظیم بنائی۔ان کا سیاسی رجحان جمعیت علماء اسلام کی طرف رہا۔ایک طویل عرصہ ملتان میں قیام کیا۔ایک بیٹا جواں مرگ ہوگیا تو ملتان چھوڑ کر راولپنڈی سکونت اختیار کر لی۔وہ جہاں رہے اور جہاں گئے اپنی خطابت سے عوام کو مستفید کرتے رہے۔انھوں نے ایک بھرپور تبلیغی زندگی گزاری۔اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے آمین

☆ چنیوٹ میں ہمارے کرم فرما مبلغ ختم نبوت مولانا بلال احمد کے والد ماجد ۳۰ رنومبر کو انتقال کر گئے۔

☆ بخاری اکیڈمی، دار بنی ہاشم ملتان کے ناظم جام ریاض احمد اور جناب ماسٹر محمد شفیع (ماہڑہ مظفر گڑھ) کے والد ماجد حاجی واحد بخش مرحوم ۷ ردسمبر اور چچازاد بہن ۹ ردسمبر کو انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام بھکر کے قدیم اور وفادار کارکن صوفی غلام اکبر کا جوان بیٹا حافظ محمد خالد مرحوم۔انتقال: ۱۲ ردسمبر 2015ء

☆ مجلس احرار اسلام جھنگ کے قدیم کارکن طارق ندیم صاحب کی والدہ ماجدہ، انتقال: ۱۷ ردسمبر 2015ء

☆ مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے قدیم اور وفادار کارکن محمد صفدر کا جواں سال بیٹا مولوی محمد اصغر معاویہ، انتقال: ۱۰ ردسمبر 2015ء

☆ چیچہ وطنی میں قدیم احرار ساتھی ڈاکٹر اللہ بخش کی بڑی ہمشیرہ (ڈاکٹر رشید احمد طاہر مرحوم کی اہلیہ) انتقال: ۲۷ رنومبر اسلام آباد

☆ چیچہ وطنی میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے ذمہ دار اور ہمارے معاون حاجی کفایت اللہ کی اہلیہ انتقال: ۳۰ رنومبر 2015ء

☆ محمد وسیم (فضل دین ٹریڈرز چیچہ وطنی) کے والد گرامی، انتقال: ۴ ردسمبر

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے مہربان محمد یوسف (الیکٹرک سٹور) کے جواں سال فرزند عبدالرحمٰن، انتقال: ۶ ردسمبر

☆ ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے سرکولیشن منیجر محمد یوسف شاد کے ماموں زاد بھائی ابوزاھد طارق اقبال، انتقال ۱۹ ردسمبر

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائیں، ان کی حسنات قبول فرمائیں اور درجات بلند فرما کر اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائیں

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین اور ساری امت کے لیے دعاء مغفرت اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔(ادارہ)



© rasailojaraid.com